رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

روزنامہ

# الفضل

قادیان

یوم سہ شنبہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جلد ۳۳ | ۱۸ ماہ فتح ۱۳۲۴ ہش | ۱۲ محرم الحرام ۱۳۶۵ھ | ۱۸ دسمبر ۱۹۴۵ء | نمبر ۲۹۵ |

## مدینۃ المسیح

قادیان ۱۷ ماہ فتح۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے متعلق آج ۸½ بجے شب کی اطلاع منظہر ہے۔ کہ حضور کی عام طبیعت خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ پاؤں کے درد میں افاقہ ہے۔ لیکن بخار بفضلہٖ نہیں ہے۔ احباب حضور کی کامل صحت کے لئے دعا کریں۔

— حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت آج سر درد کی وجہ سے ناساز رہی۔ احباب حضرت ممدوحہ کی صحت کے لئے دعا کریں۔

— مولوی عبد الغفور صاحب مبلغ بہار سے سید احمد علی صاحب کراچی سے اور شیخ عبد القادر صاحب شیخوپورہ سے آئے۔

— حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی کا بخار تو اتر گیا ہے۔ لیکن تاحال نقاہت زیادہ ہے۔ احباب دعائے صحت کریں۔

جناب خان بہادر چودہری ابو الہاشم خان صاحب۔ ابھی تک بیمار ہیں۔ تکلیف میں کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ دعائے صحت کی جائے۔

Digitized By Khilafat Library Rabwah

نامہ الفضل قادیان — ۱۲ محرم الحرام ۱۳۶۵ھ

# مبارک ترین آقا کے مبارک خدام

## حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی نیابت میں

## قوموں کو برکت دینے والے مجاہدین

(از ایڈیٹر)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی پیدائش سے بھی قبل آپ کے متعلق جو عظیم الشان بشارات دی گئیں۔ ان میں دیگر بہت سی غیر معمولی صفات کے علاوہ آپکی یہ صفات بھی بتائی گئی تھیں کہ

" وہ جلد جلد بڑھے گا اور اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا۔ اور زمین کے کناروں تک شہرت پائیگا۔ اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔" (اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء)

آخر جب وہ وقت آیا کہ خدا تعالےٰ نے خود حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ پر انکشاف فرمایا۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس پیشگوئی کے آپ ہی مصداق ہیں۔ تو ایک عظیم الشان رویا آپ کو دکھایا گیا۔ جس کا ذکر کرتے ہوئے اس کے ابتدا میں ہی حضور فرماتے ہیں۔

" میں رویا میں صرف یہی نہیں کہ تیزی سے چلتا ہوں بلکہ دوڑتا ہوں۔ میرے ساتھ کچھ اور لوگ بھی ہیں۔ اور وہ بھی میرے ساتھ ہی دوڑتے ہیں۔ اور جب میں نے دوڑنا شروع کیا۔ تو رویا میں مجھے یہی معلوم ہوا۔ جیسے میں انسانی مقدرت سے زیادہ تیزی کے ساتھ دوڑ رہا ہوں۔ اور کوئی ایسی زبردست طاقت مجھے تیزی سے لے جا رہی ہے کہ میلوں میل ایک آن واحد میں طے کرتا جا رہا ہوں۔ اس وقت میرے ساتھیوں کو بھی دوڑنے کی ایسی ہی طاقت دی گئی۔ مگر پھر بھی وہ مجھ سے بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔"

اسی رویا کا دوسرے موقعہ پر ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

" رویا میں یہی نہیں کہ میں تیزی سے چلتا ہوں بلکہ دوڑتا ہوں۔ اور زمین میرے قدموں تلے سمٹتی چلی جاتی ہے۔"

دراصل یہ تطبیق تھی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ان الفاظ کے ساتھ جن میں اس پیشگوئی کے مصداق کے جلد جلد بڑھنے کا ذکر ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیان فرمودہ یہ علامات اگرچہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی ذات کے متعلق کئی پہلوؤں سے پوری ہو چکی ہیں۔ لیکن ان کا سب سے زیادہ شاندار پہلو وہ ہے جو اسیروں کی رستگاری کا موجب بننے۔ زمین کے کناروں تک شہرت پانے اور قوموں کے برکت حاصل کرنے سے تعلق رکھتا ہے۔ اور جو دنیا میں اعلائے کلمۃ اللہ اور تبلیغ اسلام ہے۔ یہ ایسا صاف اور واضح نشان ہے۔ کہ حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے عہد مبارک پر سرسری نگاہ ڈالنے والا ہر شخص تسلیم کرے گا۔ کہ اس تھوڑے سے زمانہ میں حضور کے جس قدر دنیا میں تبلیغ اسلام کے انتظامات نے وسعت اختیار کی ہے۔ اور جس قدر سلسلہ احمدیہ کو فروغ حاصل ہوا ہے وہ بالکل غیر معمولی اور آنے والی کامیابیوں کے لئے بطور نشان ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں بیرونی ممالک میں سے صرف افغانستان ہی ایک ایسا ملک تھا۔ جہاں کسی اہمیت کے ساتھ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام پہنچا تھا۔ دوسرے ممالک میں صرف اڑتی ہوئی خبریں پہنچی تھیں۔ اور وہ بھی یا تو مخالفوں کی پھیلائی ہوئی یا ایسا ہوا۔ کہ کسی شخص کے پاس سلسلہ کی کوئی کتاب پہونچی۔ اور اس نے آگے کسی کو دکھا دی۔ باقاعدہ جماعت کسی ملک میں بھی قائم نہ تھی۔ حضرت خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں خواجہ کمال الدین صاحب انگلستان گئے۔ مگر وہاں انہوں نے احمدیت کا ذکر سم قاتل قرار دے دیا۔ اس وجہ سے انگلستان میں جو مشن قائم ہوا۔ اس کے ذریعہ احمدیت کا نام انگلستان میں نہ پھیلا۔ لیکن جب اللہ تعالےٰ نے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ہاتھ میں سلسلہ احمدیہ کی باگ دی۔ تو آپ کے عہد مبارک میں خدا تعالےٰ کے فضل سے سماٹرا میں احمدیت پھیلی۔ جاوا میں احمدیت پھیلی۔ سٹریٹ سیٹلمنٹس میں احمدیت پھیلی۔ ماریشس میں احمدیت پھیلی۔ افریقہ کے چاروں کناروں تک احمدیت پہونچی۔ اور کئی علاقوں میں پھیلی۔ مصر میں احمدیت پھیلی۔ شام میں احمدیت پھیلی۔ فلسطین میں احمدیت پھیلی۔ عراق میں احمدیت پھیلی۔ یورپ کے کئی ممالک میں احمدیت پہنچی۔ چنانچہ اٹلی میں سپین میں ہنگری میں۔ زیکوسلواکیہ میں احمدیت پہنچی۔ جرمنی میں احمدیت پہونچی۔ اور خدا تعالےٰ کے فضل سے انگلستان و امریکہ میں بڑی بڑی جماعتیں قائم ہو چکی ہیں۔ یا وہاں امریکہ میں آہستہ آہستہ احمدیت پھیل رہی ہے۔ گویا دنیا کے چاروں کناروں تک حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے عہد خلافت میں ہی احمدیت پہونچی۔ اور مختلف ممالک میں احمدی جماعتیں قائم ہو چکی ہیں۔

خدا تعالےٰ کے فضل سے روزبروز اس بارہ میں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کی رفتار تیز سے تیز تر ہوتی جا رہی ہے۔ چنانچہ صرف سال رواں میں ہی اس وقت تک حضور سولہ سرفروش مجاہدین مختلف ممالک میں تبلیغ اسلام کا فرض ادا کرنے کے لئے روانہ فرما چکے ہیں۔ اور آج اکٹھے نو مجاہدین جن کے نام اسی پرچہ میں دوسری جگہ درج ہیں روانہ ہو رہے ہیں۔ اور کچھ اور بالکل تیار اور پابرکاب ہیں وہ بھی آجکل روانہ ہو جائینگے۔ گویا حضور ایدہ اللہ

بھائی عبد الرحمٰن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھاپا اور قادیان سے شائع کیا

ایڈیٹر — غلام نبی

## خط وکتابت

کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کیجئے۔ (مینیجر الفضل)

## ایٹ۔ اڈل ٹاؤن لاہور

[illegible]

نسیم میڈیکل ہال قادیان سے

[illegible] تاکہ ختم ہو جانے پر آپ کو مایوسی نہ ہو۔

## کنٹرول ٹوٹ گیا

اگر آپ کی صحت خدا کے فضل سے اچھی ہے اور آپ اولاد نرینہ کے خواہش مند ہیں تو فوراً حب حمل منگوا کر استعمال کرائیں۔ حب حمل کے استعمال سے تین ماہ کے اندر آپ کی مایوسی دور ہو جائیگی قیمت پانچ روپے۔ اگر ماہواری میں نقص ہے تو قیمت ساڑھے آٹھ روپے مکمل حالات سے مطلع کریں۔ ہر قسم کی ضرورت کیلئے تجربہ شدہ ادویات [illegible]

منیجر حکیم حاذق عبدالقادر کاغانی [illegible]

دواخانہ رحمانی قادیان

## کمی خون اور ہر قسم کی کمزوری کا مؤثر اور مکمل علاج

# میٹاگلوبین

میٹاگلوبین میں وہ حیاتین (VITAMINS) شامل ہیں جنکی وجہ سے اسکا درجہ دنیا کی ادویات سے بہت بلند ہے

میٹاگلوبین اجزاء کے لحاظ سے جواہرات سے تولنے کے قابل ہے اور قیمت میں ہر امیر و غریب کے لئے قابل برداشت

میٹاگلوبین یرقان، دل کی دھڑکن، ضعف جگر اور ورم جگر کو دور کرکے خاص مقدار میں خون صالح پیدا کرتی ہے۔

میٹاگلوبین حلق سے اترتے ہی خون صالح پیدا کرنا شروع کر دیتی ہے

میٹاگلوبین میعادی بخار، ملیریا، انفلوئنزا اور زچگی کے بعد کی کمزوریوں کا مجرب علاج ہے

میٹاگلوبین امراض نسواں کے لئے ماء الحیات ہے۔

میٹاگلوبین کثرت طمث، قلت طمث کو دور کرکے طاقت پیدا کرتی ہے۔

میٹاگلوبین پرسوت کے لئے اکسیر و نادر دوا ہے۔

میٹاگلوبین حاملہ مستورات کیلئے مولود اور حاملہ کی صحت سے زچگی کے بعد بحالی صحت کیلئے مجرب ہے

میٹاگلوبین بخار بگڑے ہوئے جگر اور تلی کو درست کرکے خون بڑھاتی ہے

میٹاگلوبین وجع المفاصل کے لئے لاثانی دوا ہے۔

میٹاگلوبین سل اور دق کے بیماروں کے لئے پیغام شفا ہے۔

میٹاگلوبین بچوں کے بعد ورم الطحال کے لئے بہت مفید ثابت ہو چکی ہے۔

میٹاگلوبین مقوی حافظہ اور دماغی امراض کا بہترین علاج ہے۔

میٹاگلوبین ہر بیماری کے بعد کی کمزوری کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

میٹاگلوبین لاتعداد ڈاکٹر و دیگر صاحبان اپنے مریضوں کے لئے تجویز فرماتے ہیں۔

میٹاگلوبین [illegible]

میٹاگلوبین اگر مقامی طور پر دوا فروش سے دستیاب نہ ہو سکے تو [illegible]

میٹاگلوبین خون کی کمی اور ہر قسم کی کمزوری کا واحد علاج ہے

میٹاگلوبین اگر مقامی طور پر نہ ملے تو تیار کنندگان سے بذریعہ ڈاک پارسل منگوائیے [illegible]

میٹاگلوبین دی ویسٹرن انڈسٹریز لاہور جالندھر شہر کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہے

Digitized By Khilafat Library Rabwah

## اٹھرا کی گولیاں

جن عورتوں کو اسقاط کا مرض ہو یا ان کے بچے چھوٹی عمر میں فوت ہو جاتے ہوں یا بیمار ہو کر پرچھاواں سوکھا بیٹھ جاتے ہوں۔ [illegible] حضرت خلیفۃ المسیح اول شاہی طبیب مہاراجگان جموں و کشمیر کا تجویز فرمودہ نسخہ "اٹھرا کی گولیاں" ہم سے منگوا کر استعمال کریں۔ جو متعدد بار اس مرض کے لئے اکسیر ثابت ہو چکی ہیں۔ قیمت مکمل خوراک گیارہ روپے فی تولہ ایک روپیہ چار آنہ محصول ڈاک علاوہ

محمد عبداللہ جان عطاء الرحمن

دواخانہ محافظ صحت قادیان

## الیکٹرک سٹوڈیو قادیان

میں آپ صاحبان کرام کے اعلیٰ اور عمدہ فوٹوز ہر وقت حاصل کر سکتے ہیں نیز بذریعہ بجلی [illegible] اپنے اور بچوں کے فوٹوز کے علاوہ پرانے فوٹوز کی کاپیاں اور ان لارج کرانے کے لئے

شیخ عبدالرزاق قادیانی فوٹوگرافر

نزد پرانا جلسہ گاہ

(اندرون شہر)

[illegible] مستورات کے لئے بھی


لیڈی فوٹوگرافر کا

انتظام ہے۔

## یاد رکھیئے!

بیوٹرین کریم

[illegible]



بیوٹرین کریم

آپ کی خوبصورتی کی [illegible]

[illegible]


اپنے شہر کے جنرل مرچنٹ انگریزی دوا فروش سے خریدیئے۔

سول ایجنٹ

سلطان برادرز قادیان

## سکنولین

خارش، پھوڑا پھنسی [illegible] چنبل، مفتی، پھوڑے اور پلیسری [illegible] کیلئے بے نظیر [illegible]




## دی سٹار ہوزری ورکس لمیٹڈ قادیان

### اعلان گمشدگی حصص سرٹیفکیٹس

مندرجہ ذیل حصہ داران کے حصص کے سرٹیفکیٹ گم ہو گئے ہیں اور انہوں نے نقول حاصل کرنے کی درخواست دی ہے اگر کسی کا ان حصص پر کوئی حق ہو تو بیس روز کے اندر اندر اطلاع کرے ورنہ کمپنی بلا عذر سرٹیفکیٹ جاری کر دے گی اور بعد میں کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) کریم بخش مرحوم نابھ بذریعہ پیران | سرٹیفکیٹ ۱۲۵۶ | حصہ | ۳۹۵۳ |
| (۲) ایضاً | ۱۲۵۷ | " | ۳۹۵۴ |
| (۳) محمد عبداللہ صاحب | ۱۲۵۸ | " | ۳۹۵۵ |
| (۴) ایضاً | ۱۲۵۹ | " | ۳۹۵۶ |
| (۵) محمد اسمٰعیل صاحب | ۱۲۶۰ | " | ۳۹۵۷ |
| (۶) ایضاً | ۱۲۶۱ | " | ۳۹۵۸ |
| (۷) حبیب اللہ صاحب وکیل | ۱۲۶۳ | " | ۳۹۶۰ |
| (۸) ڈاکٹر محمد سعید صاحب جے پور | ۱۲۵۴ | حصص | ۲۲۴۲ تا ۲۲۴۴ |
| (۹) الحاکم بیگم صاحبہ [illegible] | ۵۲۸ | حصہ | ۱۵۹۰ |

المشتہر مینیجنگ ڈائرکٹر

سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شان دنیا میں آشکار کرنیکی آسان راہ

# VINDICATION OF THE PROPHET OF ISLAM-

(۱) اس انگریزی رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ کارنامے بتلائے گئے ہیں جن کی دنیا کی تاریخ میں کوئی نظیر نہیں۔
(۲) وہ خصوصیات جو دنیا کے کسی قوم کے نبی میں نہیں۔
(۳) ہندو عیسائی اقوام کے معززین کی آراء۔
(۴) ہندو مسلمانوں میں کس طرح صلح ہو سکتی ہے؟
(۵) یوم سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور پیشوایان مذاہب کے جلسوں کی مقبولیت الحان کے متعلق غیر احمدی و غیر مسلم معززین کی آراء۔

یہ رسالہ اب گیارھویں بار چھپ کر ظہور میں آیا ہے۔ ۷۶ صفحہ کے رسالہ کی قیمت ۸/ محصولڈاک

## اپنے شہر کے غیر مسلم معززین کو تحفتہً دو—!

یا ان کے پتے ہمکو روانہ کرو۔ ہم یہاں سے روانہ کردیں گے۔ ہر پتہ کے ساتھ چار آنہ کے ٹکٹ چاہئیں۔ جو دوست ٹکٹ روانہ نہیں کرسکتے وہ صرف پتہ روانہ فرمائیں۔ ہم یہاں سے انکو روانہ کردیں گے۔

عبداللہ الہ دین سکندرآباد دکن

---

## دنیادار دولتمندوں کا لاکھوں روپیہ کسی کام نہ آئے گا—

لیکن آپ صرف دس ۱۰ روپیہ میں اپنے بیوی بچوں کو سال بھر کے لئے قرآن کریم کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ پڑھانے کا نصاب اور بارہ مہینہ تک علوم دینیات اسلامیہ سکھلانے کا کورس حاصل کرسکتے ہیں جو
(۱) حمائل شریف مترجم طبع جدید مجلد ۵۔ (۲) لغات فرقان حمیدیہ بطرز جدید ۲۔
(۳) سال بھر کے لئے تعلیم القرآن الکریم مع تعلیم الدین الحکیم سکے۔ جس کی ہر قسط میں مہینہ بھر کے لئے چھبیس سبق ہوں گے۔ اور سالہ بھر میں تین سو اسباق پر مشتمل ہوگا۔ ان تینوں کی موجودگی میں پندرہ بیس روپئے پر بی ٹیوٹر یا دینیات کا استاد رکھنے کی ضرورت نہیں۔ اور صرف تیرہ آنہ ماہوار کی حقیر رقم سے ہر احمدی گھرانے میں تعلیم ترجمہ قرآن پاک اور علوم دین اسلام کا درس جاری ہوسکتا ہے۔

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ تعلیم القرآن چوک احمدیہ بازار قادیان

المشتہر:۔ حکیم عبداللطیف شہید منشی فاضل۔ ادیب فاضل۔ آنرز ان پنجابی

Digitized By Khilafat Library Rabwah

باجازت امور عامہ

## قادیان میں باموقع جائیداد

(۱) اسوقت میرے پاس مختلف محلہ جات میں نہایت باموقع سکنی قطعات ہیں۔ جو احباب خرید کرنا چاہیں۔ مجھ سے خط وکتابت کریں۔
(۲) نیز قطعات برائے دوکانات بھی قابل فروخت ہیں۔
(۳) چند باموقع مکانات مختلف محلہ جات میں قابل فروخت ہیں۔
(۴) جائیداد کی خرید وفروخت کے متعلق مجھ سے خط وکتابت کریں۔

خاکسار
قریشی محمد مطیع اللہ۔ قریشی منزل۔ دارالعلوم قادیان

---

مقدس کہانیاں
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک کے واقعات
۸/

پہلی ملاقات
ایک دلچسپ تبلیغی ٹریکٹ جو اپنے دوستوں کو پہلی ملاقات میں دیا جاسکتا ہے
۲/

اسلم صاحب کا تازہ تبلیغی شاہکار

# مسیح کی واپسی

## نہایت پُرلطف اور دلچسپ پلاٹ

مسیح کا آسمان سے اُترنا۔ یہودیوں۔ عیسائیوں۔ مسلمانوں کی ملاقات کے لئے بیتابی مگر سب کا باری باری مسیح کے روبرو پیش ہوکر بحث مباحثے کر کے انکار کردینا۔ مولویوں کی باہم کفربازی۔ مسیح کی ان سے بیزاری۔ مولویوں کا فتوے مسیح پر۔ آخر مسیح کا مایوس ہوکر واپس آسمان پر چڑھ جانا۔ مگر حقیقی مسیح کا پتہ بتا جانا

قیمت ۱۲/ ۔ حجم پونے دوسو صفحے

ترانۂ اسلم
تبلیغی پرجوش نظموں کا مجموعہ
۸/

شیطان کانفرنس
مشہور تبلیغی ناول شیطان کا دھواں دھار لیکچر
۸/

اسلم سنز احمدیہ چوک قادیان

---

# دواخانہ خدمت خلق کے مقبول عام مجربات

(۱) شفا کن ملیریا کی کامیاب دوا ہے۔ قیمت یکصد قرص عہ/
(۲) اکسیر شباب کھوئی ہوئی طاقت کی مجرب دوا ہے۔ قیمت تیس خوراک ۵/
(۳) حبوب جوانی مولد جوہر حیات۔ قیمت چالیس گولیاں ۵/
(۴) زد جام عشق طاقت کی بہترین دوا ہے۔ قیمت ساٹھ گولیاں ۱۰/
(۵) دوائی فضل الٰہی اولاد نرینہ کیلئے بہترین دوا ہے۔ قیمت مکمل کورس ۱۶/
(۶) حب جن۔ اعصابی اور دماغی کمزوری کے لئے بیحد مفید دوا ہے۔ قیمت یکصد گولیاں ۱۸/
(۷) حب مروارید عنبری اعضائے رئیسہ کے لئے بہترین دوا ہے۔ قیمت پچاس گولیاں ۵/
(۸) ہمدرد نسواں اٹھرا کا بے خطا علاج ہے۔ قیمت فی تولہ عہ/ مکمل کورس ۱۲/
(۹) معجون فوفل سیلان الرحم کے لئے نہایت ہی مجرب دوا ہے۔ قیمت چار تولہ ۸/
(۱۰) سرمہ ممیرا خاص جملہ امراض چشم کے لئے نہایت ہی مجرب ہے قیمت فی تولہ ۲/ چھ ماشہ ۱۱/
(۱۱) حب بسماک دمہ کھانسی کے لئے نہایت مجرب دوا ہے۔ قیمت یکصد گولیاں ۲/
(۱۲) اکسیر نزلہ پرانے نزلہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ قیمت یکصد گولیاں ۲/

اس کے علاوہ ہمارے ہاں

اطریفل زمانی۔ اطریفل کشنیز۔ جوارش جالینوس۔ معجون فلاسفہ۔ برشعشا۔ نمک سلیمانی۔ حب قبض کشا وغیرہ مل سکتے ہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ دواخانہ خدمت خلق قادیان

